آج ہر نفس کو اس کے کئے کا بدلہ دیا جائے گا اور آج کسی طرح کا ظلم نہ ہو سکے گا بے شک اللہ بہت جلد حساب کرنے والا ہے۔

وَاَنْذِرْهُمْ يَوْمَ الْاٰزِفَةِ اِذِ الْقُلُوْبُ لَدَى الْحَنَاجِرِ كٰظِمِيْنَ مَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ حَمِيْمٍ وَّلَا شَفِيْعٍ يُّطَاعُ

WA-ANZIRHUM YAWMA AL-AAZIFATI IZI AL-QULOOBU LADAA AL-HANAAJIRI KAAZIMEENA MAA LIZ-ZAALIMEENA MIN HAMEEMIN WALAA SHAFEE'IN YUTAA'

And warn them of the day that draws near, when hearts shall rise up to the throats, grieving inwardly; the unjust shall not have any compassionate friend nor any intercessor who should be obeyed.

اور پیغمبر انہیں آنے والے دن کے عذاب سے ڈرائیے جب دم گھٹ گھٹ کر دل منہ کے قریب آجائیں گے اور ظالمین کے لئے نہ کوئی دوست ہو گا اور نہ سفارش کرنے والا جس کی بات سن لی جائے۔

يَعْلَمُ خَآئِنَةَ الْاَعْيُنِ وَمَا تُخْفِي الصُّدُوْرُ

YA'LAMU KHAA'INATA AL-A'YUNI WAMAA TUKHFEE AS-SUDOOR

He knows the stealthy looks and that which the breasts conceal.

وہ خدا نگاہوں کی خیانت کو بھی جانتا ہے اور دلوں کے چھپے ہوئے بھیدوں سے بھی باخبر ہے۔

وَاللّٰهُ يَقْضِيْ بِالْحَقِّ وَالَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا يَقْضُوْنَ بِشَيْءٍ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ

WALLAAHU YAQDEE BIL-HAQQI WALLAZEENA YAD'OONA MIN DOONIHEE LAA YAQDOONA BISHAY'IN INNA ALLAAHA HUWA AS-SAMEE'U AL-BASEER

And Allah judges with the truth; and those whom they call upon besides Him cannot judge aught; surely Allah is the Hearing, the Seeing.

وہ حق کے ساتھ فیصلہ کرتا ہے اور اس کو چھوڑ کر یہ جن کی عبادت کرتے ہیں وہ تو کوئی فیصلہ بھی نہیں کر سکتے ہیں بے شک اللہ سب کی سننے والا اور سب کچھ دیکھنے والا ہے۔

Free to read, copy and share

اَوَلَمۡ يَسِيۡرُوۡا فِي الۡاَرۡضِ فَيَنۡظُرُوۡا كَيۡفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيۡنَ كَانُوۡا مِنۡ قَبۡلِهِمۡ كَانُوۡا هُمۡ اَشَدَّ مِنۡهُمۡ قُوَّةً وَّاٰثَارًا فِي الۡاَرۡضِ فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ بِذُنُوۡبِهِمۡ وَمَا كَانَ لَهُمۡ مِّنَ اللّٰهِ مِنۡ وَّاقٍ

AWALAM YASEEROO FEE AL-ARDI FAYANZUROO KAYFA KAANA 'AAQIBATU ALLAZEENA KAANOO MIN QABLIHIM KAANOO HUM ASHADDA MINHUM QUWWATAN WA-AATHAARAN FEE AL-ARDI FA-AKHAZAHUMU ALLAAHU BIZUNOOBIHIM WAMAA KAANA LAHUM MINA ALLAAHI MIN WAAQ

Have they not travelled in the earth and seen how was the end of those who were before them? Mightier than these were they in strength and in fortifications in the land, but Allah destroyed them for their sins; and there was not for them any defender against Allah.

کیا ان لوگوں نے زمین میں سیر نہیں کی کہ دیکھتے کہ ان سے پہلے والوں کا انجام کیا ہوا ہے جو ان سے زیادہ زبردست قوت رکھنے والے تھے اور زمین میں آثار کے مالک تھے پھر خدا نے انہیں ان کے گناہوں کی گرفت میں لے لیا اور اللہ کے مقابلہ میں ان کا کوئی بچانے والا نہیں تھا۔

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمۡ كَانَت تَّاۡتِيۡهِمۡ رُسُلُهُمۡ بِالۡبَيِّنٰتِ فَكَفَرُوۡا فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ اِنَّهٗ قَوِيٌّ شَدِيۡدُ الۡعِقَابِ

ZAALIKA BI-ANNAHUM KAANAT TA'TEEHIM RUSULUHUM BIL-BAYYINAATI FAKAFAROO FA-AKHAZAHUMU ALLAAHU INNAHOO QAWIYYUN SHADEEDU AL-'IQAAB

That was because there came to them their apostles with clear arguments, but they rejected (them), therefore Allah destroyed them; surely He is Strong, Severe in retribution.

یہ سب اس لئے ہوا کہ ان کے پاس رسول کھلی ہوئی نشانیاں لے کر آتے تھے تو انہوں نے انکار کر دیا تو پھر خدا نے بھی انہیں اپنی گرفت میں لے لیا کہ وہ بہت قوت والا اور سخت عذاب کرنے والا ہے۔

وَلَقَدۡ اَرۡسَلۡنَا مُوۡسٰى بِاٰيٰتِنَا وَسُلۡطٰنٍ مُّبِيۡنٍ

WALAQAD ARSALNAA MOOSAA BI-AAYAATINAA WASULTAANIN MUBEEN

And certainly We sent Musa with Our communications and clear authority

اور ہم نے موسیٰؑ کو اپنی نشانیوں اور روشن دلیل کے ساتھ بھیجا ہے۔

Free to read, copy and share

اِلٰى فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَقَارُوْنَ فَقَالُوْا سٰحِرٌ كَذَّابٌ

ILAA FIR'AWNA WAHAAMAANA WAQAAROONA FAQAALOO SAAHIRUN KAZZAAB

To Firon and Haman and Qaroun, but they said: A lying magician.

فرعون، ہامان اور قارون کی طرف تو ان سب نے کہہ دیا کہ یہ جادوگر اور جھوٹے ہیں۔

فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِالْحَقِّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوا اقْتُلُوْٓا اَبْنَآءَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ وَاسْتَحْيُوْا نِسَآءَهُمْ وَمَا كَيْدُ الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ

FALAMMAA JAA'AHUM BIL-HAQQI MIN 'INDINAA QAALOO UQTULOO ABNAA'A ALLAZEENA AAMANOO MA'AHOO WASTAHYOO NISAA'AHUM WAMAA KAYDU AL-KAAFIREENA ILLAA FEE DALAAL

So when he brought to them the truth from Us, they said: Slay the sons of those who believe with him and keep their women alive; and the struggle of the unbelievers will only come to a state of perdition.

تو پھر اس کے بعد جب وہ ہماری طرف سے حق لے کر آئے تو ان لوگوں نے کہہ دیا کہ جو ان پر ایمان لے آئیں ان کے لڑکوں کو قتل کر دو اور لڑکیوں کو زندہ رکھو اور کافروں کا مکر بہر حال بھٹک جانے والا ہوتا ہے۔

وَقَالَ فِرْعَوْنُ ذَرُوْنِيْٓ اَقْتُلْ مُوْسٰى وَلْيَدْعُ رَبَّهٗٓ اِنِّيْٓ اَخَافُ اَنْ يُّبَدِّلَ دِيْنَكُمْ اَوْ اَنْ يُّظْهِرَ فِي الْاَرْضِ الْفَسَادَ

WAQAALA FIR'AWNU ZAROONEE AQTUL MOOSAA WAL-YAD'U RABBAHOO INNEE AKHAAFU AN YUBADDILA DEENAKUM AW AN YUZHIRA FEE AL-ARDI AL-FASAAD

And Firon said: Let me alone that I may slay Musa and let him call upon his Lord; surely I fear that he will change your religion or that he will make mischief to appear in the land.

اور فرعون نے کہا کہ ذرا مجھے چھوڑ دو میں موسیٰؑ کا خاتمہ کر دوں اور یہ اپنے رب کو پکاریں۔ مجھے خوف ہے کہ کہیں یہ تمہارے دین کو بدل نہ دیں اور زمین میں کوئی فساد نہ برپا کر دیں۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

وَقَالَ مُوۡسٰۤی اِنِّیۡ عُذۡتُ بِرَبِّیۡ وَرَبِّکُمۡ مِّنۡ کُلِّ مُتَکَبِّرٍ لَّا یُؤۡمِنُ بِیَوۡمِ الۡحِسَابِ

WAQAALA MOOSAA INNEE 'UZTU BIRABBEE WARABBIKUM MIN KULLI MUTAKABBIRIN LAA YU'MINU BIYAWMI AL-HISAAB

And Musa said: Surely I take refuge with my Lord and your Lord from every proud one who does not believe in the day of reckoning.

اور موسیٰؑ نے کہا کہ میں اپنے اور تمہارے پروردگار کی پناہ حاصل کر رہا ہوں ہر اس متکبر کے مقابلہ میں جس کا روزِ حساب پر ایمان نہیں ہے۔

وَقَالَ رَجُلٌ مُّؤۡمِنٌ مِّنۡ اٰلِ فِرۡعَوۡنَ یَکۡتُمُ اِیۡمَانَہٗۤ اَتَقۡتُلُوۡنَ رَجُلًا اَنۡ یَّقُوۡلَ رَبِّیَ اللّٰہُ وَقَدۡ جَآءَکُمۡ بِالۡبَیِّنٰتِ مِنۡ رَّبِّکُمۡ وَاِنۡ یَّکُ کَاذِبًا فَعَلَیۡہِ کَذِبُہٗ وَاِنۡ یَّکُ صَادِقًا یُّصِبۡکُمۡ بَعۡضُ الَّذِیۡ یَعِدُکُمۡ اِنَّ اللّٰہَ لَا یَہۡدِیۡ مَنۡ ہُوَ مُسۡرِفٌ کَذَّابٌ

WAQAALA RAJULUN MU'MINUN MIN AALI FIR'AWNA YAKTUMU EEMAANAHOO ATAQTULOONA RAJULAN AN YAQOOLA RABBIYA ALLAAHU WAQAD JAA'AKUM BIL-BAYYINAATI MIN RABBIKUM WA-IN YAKU KAAZIBAN FA'ALAYHI KAZIBUHOO WA-IN YAKU SAADIQAN YUSIBKUM BA'DU ALLAZEE YA'IDUKUM INNA ALLAAHA LAA YAHDEE MAN HUWA MUSRIFUN KAZZAAB

And a believing man of Firon’s people who hid his faith said: What! will you slay a man because he says: My Lord is Allah, and indeed he has brought to you clear arguments from your Lord? And if he be a liar, on him will be his lie, and if he be truthful, there will befall you some of that which he threatens you (with); surely Allah does not guide him who is extravagant, a liar:

اور فرعون والوں میں سے ایک مرد مومن نے جو اپنے ایمان کو چھپائے ہوئے تھا یہ کہا کہ کیا تم لوگ کسی شخص کو صرف اس بات پر قتل کر رہے ہو کہ وہ کہتا ہے کہ میرا پروردگار اللہ ہے اور وہ تمہارے رب کی طرف سے کھلی ہوئی دلیلیں بھی لے کر آیا ہے اور اگر جھوٹا ہے تو اس کے جھوٹ کا عذاب اس کے سر ہو گا اور اگر سچا نکل آیا تو جن باتوں سے ڈرا رہا ہے وہ مصیبتیں تم پر نازل بھی ہو سکتی ہیں۔ بے شک اللہ کسی زیادتی کرنے والے اور جھوٹے کی رہنمائی نہیں کرتا ہے۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

يٰقَوْمِ لَكُمُ الْمُلْكُ الْيَوْمَ ظٰهِرِيْنَ فِي الْاَرْضِ فَمَنْ يَّنْصُرُنَا مِنْۢ بَاْسِ اللّٰهِ اِنْ جَآءَنَا قَالَ فِرْعَوْنُ مَآ اُرِيْكُمْ اِلَّا مَآ اَرٰى وَمَآ اَهْدِيْكُمْ اِلَّا سَبِيْلَ الرَّشَادِ

YAA QAWMI LAKUMU AL-MULKU AL-YAWMA ZAAHIREENA FEE AL-ARDI FAMAN YANSURUNAA MIN BA'SI ALLAAHI IN JAA'ANAA QAALA FIR'AWNU MAA UREEKUM ILLAA MAA ARAA WAMAA AHDEEKUM ILLAA SABEELA AR-RASHAAD

O my people! yours is the kingdom this day, being masters in the land, but who will help us against the punishment of Allah if it come to us? Firon said: I do not show you aught but that which I see (myself), and I do not make you follow any but the right way.

میری قوم والو بے شک آج تمہارے پاس حکومت ہے اور زمین پر تمہارا غلبہ ہے لیکن اگر عذابِ خدا آگیا تو ہمیں اس سے کون بچائے گا فرعون نے کہا کہ میں تمہیں وہی باتیں بتا رہا ہوں جو میں خود سمجھ رہا ہوں اور میں تمہیں عقلمندی کے راستے کے علاوہ اور کسی راہ کی ہدایت نہیں کر رہا ہوں۔

وَقَالَ الَّذِيْٓ اٰمَنَ يٰقَوْمِ اِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ مِّثْلَ يَوْمِ الْاَحْزَابِ

WAQAALA ALLAZEE AAMANA YAA QAWMI INNEE AKHAAFU 'ALAYKUM MITHLA YAWMI AL-AHZAAB

And he who believed said: O my people! surely I fear for you the like of what befell the parties:

اور ایمان لانے والے شخص نے کہا کہ اے قوم میں تمہارے بارے میں اس دن جیسے عذاب کا خطرہ محسوس کر رہا ہوں جو دوسری قوموں کے عذاب کا دن تھا۔

مِثْلَ دَاْبِ قَوْمِ نُوْحٍ وَّعَادٍ وَّثَمُوْدَ وَالَّذِيْنَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ وَمَا اللّٰهُ يُرِيْدُ ظُلْمًا لِّلْعِبَادِ

MITHLA DA'BI QAWMI NOOHIN WA'AADIN WATHAMOODA WALLAZEENA MIN BA'DIHIM WAMAA ALLAAHU YUREEDU ZULMAN LIL'IBAAD

The like of what befell the people of Nuh and Ad and Samood and those after them, and Allah does not desire injustice for (His) servants;

قوم نوح، قوم عاد، قوم ثمود اور ان کے بعد والوں جیسا حال اور اللہ یقیناً اپنے بندوں پر ظلم کرنا نہیں چاہتا ہے۔

Free to read, copy and share

وَيٰقَوْمِ اِنِّیْۤ اَخَافُ عَلَیْكُمْ یَوْمَ التَّنَادِ

WAYAA QAWMI INNEE AKHAAFU 'ALAYKUM YAWMA AT-TANAAD

And, O my people! I fear for you the day of calling out

اور اے قوم میں تمہارے بارے میں باہمی فریاد کے دن سے ڈر رہا ہوں۔

یَوْمَ تُوَلُّوْنَ مُدْبِرِیْنَ مَا لَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ عَاصِمٍ وَّمَنْ یُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ

YAWMA TUWALLOONA MUDBIREENA MAA LAKUM MINA ALLAAHI MIN 'AASIMIN WAMAN YUDLILI ALLAAHU FAMAA LAHOO MIN HAAD

The day on which you will turn back retreating; there shall be no savior for you from Allah, and whomsoever Allah causes to err, there is no guide for him:

جس دن تم سب پیٹھ پھیر کر بھاگو گے اور اللہ کے مقابلہ میں کوئی تمہارا بچانے والا نہ ہو گا اور جس کو خدا گمراہی میں چھوڑ دے اس کا کوئی ہدایت کرنے والا نہیں ہے۔

وَلَقَدْ جَآءَكُمْ یُوْسُفُ مِنْ قَبْلُ بِالْبَیِّنٰتِ فَمَا زِلْتُمْ فِیْ شَكٍّ مِّمَّا جَآءَكُمْ بِهٖ حَتّٰۤی اِذَا هَلَكَ قُلْتُمْ لَنْ یَّبْعَثَ اللّٰهُ مِنْۢ بَعْدِهٖ رَسُوْلًا كَذٰلِكَ یُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ مُّرْتَابُ

WALAQAD JAA'AKUM YOOSUFU MIN QABLU BIL-BAYYINAATI FAMAA ZILTUM FEE SHAKKIN MIMMAA JAA'AKUM BIHEE HATTAA IZAA HALAKA QULTUM LAN YAB'ATHA ALLAAHU MIN BA'DIHEE RASOOLAN KAZAALIKA YUDILLU ALLAAHU MAN HUWA MUSRIFUN MURTAAB

And certainly Yusuf came to you before with clear arguments, but you ever remained in doubt as to what he brought; until when he died, you said: Allah will never raise an apostle after him. Thus does Allah cause him to err who is extravagant, a doubter

اور اس سے پہلے یوسفؑ بھی تمہارے پاس آئے تھے تو بھی تم ان کے پیغام کے بارے میں شک ہی میں مبتلا رہے یہاں تک کہ جب وہ دنیا سے چلے گئے تو تم نے یہ کہنا شروع کر دیا کہ خدا اس کے بعد کوئی رسول نہیں بھیجے گا۔ اسی طرح خدا زیادتی کرنے والے اور شکی مزاج انسانوں کو ان کی گمراہی میں چھوڑ دیتا ہے۔

Free to read, copy and share

اَلَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ بِغَيْرِ سُلْطٰنٍ اَتٰىهُمْ كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ وَعِنْدَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كَذٰلِكَ يَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ قَلْبِ مُتَكَبِّرٍ جَبَّارٍ

ALLAZEENA YUJAADILOONA FEE AAYAATI ALLAAHI BIGHAYRI SULTAANIN ATAAHUM KABURA MAQTAN 'INDA ALLAAHI WA'INDA ALLAZEENA AAMANOO KAZAALIKA YATBA'U ALLAAHU 'ALAA KULLI QALBI MUTAKABBIRIN JABBAAR

Those who dispute concerning the communications of Allah without any authority that He has given them; greatly hated is it by Allah and by those who believe. Thus does Allah set a seal over the heart of every proud, haughty one.

جو لوگ کہ آیاتِ الٰہی میں بحث کرتے ہیں بغیر اس کے کہ ان کے پاس خدا کی طرف سے کوئی دلیل آئے وہ اللہ اور صاحبانِ ایمان کے نزدیک سخت نفرت کے حقدار ہیں اور اللہ اسی طرح ہر مغرور اور سرکش انسان کے دل پر مہر لگا دیتا ہے۔

وَقَالَ فِرْعَوْنُ يٰهَامٰنُ ابْنِ لِيْ صَرْحًا لَّعَلِّيْٓ اَبْلُغُ الْاَسْبَابَ

WAQAALA FIR'AWNU YAA HAAMAANU IBNI LEE SARHAN LA'ALLEE ABLUGHU AL-ASBAAB

And Firon said: O Haman! build for me a tower that I may attain the means of access

اور فرعون نے کہا کہ ہامان میرے لئے ایک قلعہ تیار کر کہ میں اس کے اسباب تک پہنچ جاؤں۔

اَسْبَابَ السَّمٰوٰتِ فَاَطَّلِعَ اِلٰٓى اِلٰهِ مُوْسٰى وَاِنِّيْ لَاَظُنُّهٗ كَاذِبًا وَّكَذٰلِكَ زُيِّنَ لِفِرْعَوْنَ سُوْٓءُ عَمَلِهٖ وَصُدَّ عَنِ السَّبِيْلِ وَمَا كَيْدُ فِرْعَوْنَ اِلَّا فِيْ تَبَابٍ

ASBAABA AS-SAMAAWAATI FA-ATTALI'A ILAA ILAAHI MOOSAA WA-INNEE LA-AZUNNUHOO KAAZIBAN WAKAZAALIKA ZUYYINA LIFIR'AWNA SOO'U 'AMALIHEE WASUDDA 'ANI AS-SABEELI WAMAA KAYDU FIR'AWNA ILLAA FEE TABAAB

The means of access to the heavens, then reach the God of Musa, and I surely think him to be a liar. And thus the evil of his deed was made fairseeming to Firon, and he was turned away from the way; and the struggle of Firon was not (to end) in aught but destruction.

جو کہ آسمان کے راستے ہیں اور اس طرح موسیٰؑ کے خدا کو دیکھ لوں اور میرا تو خیال یہ ہے کہ موسیٰؑ جھوٹے ہیں اور کوئی خدا نہیں ہے، اور اسی طرح فرعون کے لئے اس کی بد عملی کو آراستہ کر دیا گیا اور اسے راستہ سے روک دیا گیا اور فرعون کی چالوں کا انجام سوائے ہلاکت اور تباہی کے کچھ نہیں ہے۔

Free to read, copy and share

وَقَالَ الَّذِیۡۤ اٰمَنَ یٰقَوۡمِ اتَّبِعُوۡنِ اَهۡدِکُمۡ سَبِیۡلَ الرَّشَادِ

WAQAALA ALLAZEE AAMANA YAA QAWMI ITTABI'OONI AHDIKUM SABEELA AR-RASHAAD

And he who believed said: O my people! follow me, I will guide you to the right course;

اور جو شخص ایمان لے آیا تھا اس نے کہا کہ اے قوم والو میرا اتباع کرو تو میں تمہیں ہدایت کا راستہ دکھا سکتا ہوں۔

یٰقَوۡمِ اِنَّمَا هٰذِهِ الۡحَیٰوةُ الدُّنۡیَا مَتَاعٌ وَّاِنَّ الۡاٰخِرَةَ هِیَ دَارُ الۡقَرَارِ

YAA QAWMI INNAMAA HAAZIHI AL-HAYAATU AD-DUNYAA MATAA'UN WA-INNA AL-AAKHIRATA HIYA DAARU AL-QARAAR

O my people! this life of the world is only a (passing) enjoyment, and surely the hereafter is the abode to settle;

قوم والو، یاد رکھو کہ یہ حیاتِ دنیا صرف چند روزہ لذت ہے اور ہمیشہ رہنے کا گھر صرف آخرت کا گھر ہے۔

مَنۡ عَمِلَ سَیِّئَةً فَلَا یُجۡزٰۤی اِلَّا مِثۡلَهَا وَمَنۡ عَمِلَ صَالِحًا مِّنۡ ذَکَرٍ اَوۡ اُنۡثٰی وَهُوَ مُؤۡمِنٌ فَاُولٰٓئِکَ یَدۡخُلُوۡنَ الۡجَنَّةَ یُرۡزَقُوۡنَ فِیۡهَا بِغَیۡرِ حِسَابٍ

MAN 'AMILA SAYYI'ATAN FALAA YUJZAA ILLAA MITHLAHAA WAMAN 'AMILA SAALIHAN MIN ZAKARIN AW UNTHAA WAHUWA MU'MINUN FA-OOLAA'IKA YADKHULOONA AL-JANNATA YURZAQOONA FEEHAA BIGHAYRI HISAAB

Whoever does an evil, he shall not be recompensed (with aught) but the like of it, and whoever does good, whether male or female, and he is a believer, these shall enter the garden, in which they shall be given sustenance without measure.

جو بھی کوئی برائی کرے گا اسے ویسا ہی بدلہ دیا جائے گا اور جو نیک عمل کرے گا چاہے وہ مرد ہو یا عورت بشرطیکہ صاحبِ ایمان بھی ہو انہیں جنت میں داخل کیا جائے گا اور وہاں بے حساب رزق دیا جائے گا۔

وَیٰقَوۡمِ مَا لِیۡۤ اَدۡعُوۡکُمۡ اِلَی النَّجٰوةِ وَتَدۡعُوۡنَنِیۡۤ اِلَی النَّارِ

WAYAA QAWMI MAA LEE AD'OOKUM ILAA AN-NAJAATI WATAD'OONANEE ILAA AN-NAAR

And, O my people! how is it that I call you to salvation and you call me to the fire?

اور اے قوم والو آخر تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ میں تمہیں نجات کی دعوت دے رہا ہوں اور تم مجھے جہنّم کی طرف دعوت دے رہے ہو۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

1/2 Juz (Sipara)

تَدْعُوْنَنِيْ لِاَكْفُرَ بِاللّٰهِ وَاُشْرِكَ بِهٖ مَا لَيْسَ لِيْ بِهٖ عِلْمٌ وَّاَنَا اَدْعُوْكُمْ اِلَى الْعَزِيْزِ الْغَفَّارِ

TAD'OONANEE LI-AKFURA BILLAAHI WA-USHRIKA BIHEE MAA LAYSA LEE BIHEE 'ILMUN WA-ANAA AD'OOKUM ILAA AL-'AZEEZI AL-GHAFFAAR

You call on me that I should disbelieve in Allah and associate with Him that of which I have no knowledge, and I call you to the Mighty, the most Forgiving;

تمہاری دعوت یہ ہے کہ میں خدا کا انکار کر دوں اور انہیں اس کا شریک بنا دوں جن کا کوئی علم نہیں ہے اور میں تم کو اس خدا کی طرف دعوت دے رہا ہوں جو صاحبِ عزّت اور بہت زیادہ بخشنے والا ہے۔

لَا جَرَمَ اَنَّمَا تَدْعُوْنَنِيْٓ اِلَيْهِ لَيْسَ لَهٗ دَعْوَةٌ فِي الدُّنْيَا وَلَا فِي الْاٰخِرَةِ وَاَنَّ مَرَدَّنَآ اِلَى اللّٰهِ وَاَنَّ الْمُسْرِفِيْنَ هُمْ اَصْحٰبُ النَّارِ

LAA JARAMA ANNAMAA TAD'OONANEE ILAYHI LAYSA LAHOO DA'WATUN FEE AD-DUNYAA WALAA FEE AL-AAKHIRATI WA-ANNA MARADDANAA ILAA ALLAAHI WA-ANNA AL-MUSRIFEENA HUM ASHAABU AN-NAAR

No doubt that what you call me to has no title to be called to in this world, nor in the hereafter, and that our turning back is to Allah, and that the extravagant are the inmates of the fire;

بے شک جس کی طرف تم دعوت دے رہے ہو وہ نہ دنیا میں پکارنے کے قابل ہے اور نہ آخرت میں اور ہم سب کی بازگشت بالآخر اللہ ہی کی طرف ہے اور زیادتی کرنے والے ہی دراصل جہنّم والے ہیں۔

فَسَتَذْكُرُوْنَ مَآ اَقُوْلُ لَكُمْ وَاُفَوِّضُ اَمْرِيْٓ اِلَى اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ

FASATAZKUROONA MAA AQOOLU LAKUM WA-UFAWWIDU AMREE ILAA ALLAAHI INNA ALLAAHA BASEERUN BIL-'IBAAD

So you shall remember what I say to you, and I entrust my affair to Allah, Surely Allah sees the servants.

پھر عنقریب تم اسے یاد کرو گے جو میں تم سے کہہ رہا ہوں اور میں تو اپنے معاملات کو پروردگار کے حوالے کر رہا ہوں کہ بے شک وہ تمام بندوں کے حالات کا خوب دیکھنے والا ہے۔

Free to read, copy and share

فَوَقٰهُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِ مَا مَكَرُوْا وَحَاقَ بِاٰلِ فِرْعَوْنَ سُوْٓءُ الْعَذَابِ

FAWAQAAHU ALLAAHU SAYYI'AATI MAA MAKAROO WAHAAQA BI-AALI FIR'AWNA SOO'U AL-'AZAAB

So Allah protected him from the evil (consequences) of what they planned, and the most evil punishment overtook Firon's people:

تو اللہ نے اس مردِ مومن کو ان لوگوں کی چالوں کے نقصانات سے بچا لیا اور فرعون والوں کو بدترین عذاب نے گھیر لیا۔

اَلنَّارُ يُعْرَضُوْنَ عَلَيْهَا غُدُوًّا وَّعَشِيًّا وَّيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ اَدْخِلُوْٓا اٰلَ فِرْعَوْنَ اَشَدَّ الْعَذَابِ

AN-NAARU YU'RADOONA 'ALAYHAA GHUDUWWAN WA'ASHIYYAN WAYAWMA TAQOOMU AS-SAA'ATU ADKHILOO AALA FIR'AWNA ASHADDA AL-'AZAAB

The fire; they shall be brought before it (every) morning and evening and on the day when the hour shall come to pass: Make Firon's people enter the severest chastisement.

وہ جہنّم جس کے سامنے یہ ہر صبح و شام پیش کئے جاتے ہیں اور جب قیامت برپا ہوگی تو فرشتوں کو حکم ہوگا کہ فرعون والوں کو بدترین عذاب کی منزل میں داخل کر دو۔

وَاِذْ يَتَحَآجُّوْنَ فِي النَّارِ فَيَقُوْلُ الضُّعَفٰٓؤُا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا كُنَّا لَكُمْ تَبَعًا فَهَلْ اَنْتُمْ مُّغْنُوْنَ عَنَّا نَصِيْبًا مِّنَ النَّارِ

WA-IZ YATAHAAJJOONA FEE AN-NAARI FAYAQOOLU AD-DU'AFAA'U LILLAZEENA ISTAKBAROO INNAA KUNNAA LAKUM TABA'AN FAHAL ANTUM MUGHNOONA 'ANNAA NASEEBAN MINA AN-NAAR

And when they shall contend one with another in the fire, then the weak shall say to those who were proud: Surely we were your followers; will you then avert from us a portion of the fire?

اور اس وقت کو یاد دلاؤ جب یہ سب جہنّم کے اندر جھگڑے کریں گے اور کمزور لوگ مستکبرین لوگوں سے کہیں گے کہ ہم تمہاری پیروی کرنے والے تھے تو کیا تم جہنّم کے کچھ حصّہ سے بھی ہمیں بچا سکتے ہو اور ہمارے کام آسکتے ہو۔

Free to read, copy and share

قَالَ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا كُلٌّ فِيْهَآ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ حَكَمَ بَيْنَ الْعِبَادِ

QAALA ALLAZEENA ISTAKBAROO INNAA KULLUN FEEHAA INNA ALLAAHA QAD HAKAMA BAYNA AL-'IBAAD

Those who were proud shall say: Surely we are all in it: surely Allah has judged between the servants.

تو استکبار کرنے والے کہیں گے کہ اب ہم سب کی منزل یہی ہے کہ اللہ بندوں کے درمیان فیصلہ کر چکا ہے۔

وَقَالَ الَّذِيْنَ فِي النَّارِ لِخَزَنَةِ جَهَنَّمَ ادْعُوْا رَبَّكُمْ يُخَفِّفْ عَنَّا يَوْمًا مِّنَ الْعَذَابِ

WAQAALA ALLAZEENA FEE AN-NAARI LIKHAZANATI JAHANNAMA UD'OO RABBAKUM YUKHAFFIF 'ANNAA YAWMAN MINA AL-'AZAAB

And those who are in the fire shall say to the keepers of hell: Call upon your Lord that He may lighten to us one day of the punishment.

اس کے بعد جہنّم میں رہنے والے جہنّم کے خازنوں سے کہیں گے کہ اپنے پروردگار سے دعا کرو کہ ایک ہی دن ہمارے عذاب میں تخفیف (کمی) کر دے۔

قَالُوْٓا اَوَلَمْ تَكُ تَاْتِيْكُمْ رُسُلُكُمْ بِالْبَيِّنٰتِ قَالُوْا بَلٰى قَالُوْا فَادْعُوْا وَمَا دُعٰٓؤُا الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ

QAALOO AWALAM TAKU TA'TEEKUM RUSULUKUM BIL-BAYYINAATI QAALOO BALAA QAALOO FAD'OO WAMAA DU'AA'U AL-KAAFIREENA ILLAA FEE DALAAL

They shall say: Did not your apostles come to you with clear arguments? They shall say: Yea. They shall say: Then call. And the call of the unbelievers is only in error.

وہ جواب دیں گے کہ کیا تمہارے پاس تمہارے رسول کھلی ہوئی نشانیاں لے کر نہیں آئے تھے وہ لوگ کہیں گے کہ بے شک آئے تھے تو جواب ملے گا پھر تم خود ہی آواز دو حالانکہ کافروں کی آواز اور فریادبیکار ہی ثابت ہو گی۔

Free to read, copy and share

اِنَّا لَنَنۡصُرُ رُسُلَنَا وَالَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا فِي الۡحَيٰوةِ الدُّنۡيَا وَيَوۡمَ يَقُوۡمُ الۡاَشۡهَادُ

INNAA LANANSURU RUSULANAA WALLAZEENA AAMANOO FEE AL-HAYAATI AD-DUNYAA WAYAWMA YAQOOMU AL-ASHHAAD

Most surely We help Our apostles, and those who believe, in this world's life and on the day when the witnesses shall stand up.

بے شک ہم اپنے رسول اور ایمان لانے والوں کی زندگانی دنیا میں بھی مدد کرتے ہیں اور اس دن بھی مدد کریں گے جب سارے گواہ اٹھ کھڑے ہوں گے۔

يَوۡمَ لَا يَنۡفَعُ الظّٰلِمِيۡنَ مَعۡذِرَتُهُمۡ وَلَهُمُ اللَّعۡنَةُ وَلَهُمۡ سُوۡٓءُ الدَّارِ

YAWMA LAA YANFA'U AZ-ZAALIMEENA MA'ZIRATUHUM WALAHUMU AL-LA'NATU WALAHUM SOO'U AD-DAAR

The day on which their excuse shall not benefit the unjust, and for them is curse and for them is the evil abode.

جس دن ظالمین کے لئے کوئی معذرت کارگر نہ ہوگی اور ان کے لئے لعنت اور بدترین گھر ہوگا۔

وَلَقَدۡ اٰتَيۡنَا مُوۡسَى الۡهُدٰى وَاَوۡرَثۡنَا بَنِيۡٓ اِسۡرَآئِيۡلَ الۡكِتٰبَ

WALAQAD AATAYNAA MOOSAA AL-HUDAA WA-AWRATHNAA BANEE ISRAA'EELA AL-KITAAB

And certainly We gave Musa the guidance, and We made the children of Israel inherit the Book

اور یقیناً ہم نے موسیٰؑ کو ہدایت عطا کی اور بنی اسرائیل کو کتاب کا وارث بنایا ہے۔

هُدًى وَّذِكۡرٰى لِاُولِي الۡاَلۡبَابِ

HUDAN WAZIKRAA LI-OOLEE AL-ALBAAB

A guidance and a reminder to the men of understanding.

جو کتاب مجسمۂ ہدایت اور صاحبانِ عقل کے لئے نصیحت کا سامان تھی۔

Free to read, copy and share

فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ بِالْعَشِيِّ وَالْاِبْكَارِ

FASBIR INNA WA'DA ALLAAHI HAQQUN WASTAGHFIR LIZANBIKA WASABBIH BIHAMDI RABBIKA BIL-'ASHIYYI WAL-IBKAAR

Therefore be patient; surely the promise of Allah is true; and ask protection for your fault and sing the praise of your Lord in the evening and the morning.

لہذا آپ صبر کریں کہ اللہ کا وعدہ یقیناً برحق ہے اور اپنے حق میں استغفار کرتے رہیں اور صبح و شام اپنے پروردگار کی حمد کی تسبیح کرتے رہیں۔

اِنَّ الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ بِغَيْرِ سُلْطٰنٍ اَتٰىهُمْ اِنْ فِيْ صُدُوْرِهِمْ اِلَّا كِبْرٌ مَّا هُمْ بِبَالِغِيْهِ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ

INNA ALLAZEENA YUJAADILOONA FEE AAYAATI ALLAAHI BIGHAYRI SULTAANIN ATAAHUM IN FEE SUDOORIHIM ILLAA KIBRUN MAA HUM BIBAALIGHEEHI FASTA'IZ BILLAAHI INNAHOO HUWA AS-SAMEE'U AL-BASEER

Surely (as for) those who dispute about the communications of Allah without any authority that has come to them, there is naught in their breasts but (a desire) to become great which they shall never attain to; therefore seek refuge in Allah, surely He is the Hearing, the Seeing.

بے شک جو لوگ خدا کی طرف سے آنے والی دلیل کے بغیر خدا کی نشانیوں میں بحث کرتے ہیں ان کے دلوں میں بڑائی کے خیال کے علاوہ اور کچھ نہیں ہے اور وہ اس تک پہنچ بھی نہیں سکتے ہیں لہذا آپ خدا کی پناہ طلب کریں کہ وہی سب کی سننے والا اور سب کے حالات کا دیکھنے والا ہے۔

لَخَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَكْبَرُ مِنْ خَلْقِ النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ

LAKHALQU AS-SAMAAWAATI WAL-ARDI AKBARU MIN KHALQI AN-NAASI WALAAKINNA AKTHARA AN-NAASI LAA YA'LAMOON

Certainly the creation of the heavens and the earth is greater than the creation of the men, but most people do not know

بے شک زمین و آسمان کا پیدا کر دینا لوگوں کے پیدا کر دینے سے کہیں زیادہ بڑا کام ہے لیکن لوگوں کی اکثریت یہ بھی نہیں جانتی ہے۔

Free to read, copy and share

وَمَا يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَلَا الْمُسِيْٓءُ قَلِيْلًا مَّا تَتَذَكَّرُوْنَ

WAMAA YASTAWEE AL-A'MAA WAL-BASEERU WALLAZEENA AAMANOO WA'AMILOO AS-SAALIHAATI WALAA AL-MUSEE'U QALEELAN MAA TATAZAKKAROON

And the blind and the seeing are not alike, nor those who believe and do good and the evil-doer; little is it that you are mindful.

اور یاد رکھو کہ اندھے اور بینا برابر نہیں ہو سکتے ہیں اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک اعمال کئے ہیں وہ بھی بدکاروں جیسے نہیں ہو سکتے ہیں مگر تم لوگ بہت کم نصیحت حاصل کرتے ہو۔

اِنَّ السَّاعَةَ لَاٰتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيْهَا وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ

INNA AS-SAA'ATA LA-AATIYATUN LAA RAYBA FEEHAA WALAAKINNA AKTHARA AN-NAASI LAA YU'MINOON

Most surely the hour is coming, there is no doubt therein, but most people do not believe.

بے شک قیامت آنے والی ہے اور اس میں کسی شک کی گنجائش نہیں ہے لیکن لوگوں کی اکثریت اس بات پر ایمان نہیں رکھتی ہے۔

وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِيْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ اِنَّ الَّذِيْنَ يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِيْ سَيَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دٰخِرِيْنَ

WAQAALA RABBUKUMU UD'OONEE ASTAJIB LAKUM INNA ALLAZEENA YASTAKBIROONA 'AN 'IBAADATEE SAYADKHULOONA JAHANNAMA DAAKHIREEN

And your Lord says: Call upon Me, I will answer you; surely those who are too proud for My service shall soon enter hell abased.

اور تمہارے پروردگار کا ارشاد ہے کہ مجھ سے دعا کرو میں قبول کروں گا اور یقیناً جو لوگ میری عبادت سے اکڑتے ہیں وہ عنقریب ذلّت کے ساتھ جہنّم میں داخل ہوں گے۔

Free to read, copy and share

اَللّٰهُ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ لِتَسْكُنُوْا فِيْهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُوْنَ

ALLAAHU ALLAZEE JA'ALA LAKUMU ALLAYLA LITASKUNOO FEEHI WAN-NAHAARA MUBSIRAN INNA ALLAAHA LAZOO FADLIN 'ALAA AN-NAASI WALAAKINNA AKTHARA AN-NAASI LAA YASHKUROON

Allah is He Who made for you the night that you may rest therein and the day to see; most surely Allah is Gracious to men, but most men do not give thanks.

اللہ ہی وہ ہے جس نے تمہارے لئے رات کو پیدا کیا ہے تاکہ تم اس میں سکون حاصل کر سکو اور دن کو روشنی کا ذریعہ قرار دیا ہے بے شک وہ اپنے بندوں پر بہت زیادہ فضل و کرم کرنے والا ہے لیکن لوگوں کی اکثریت اس کا شکریہ ادا نہیں کرتی ہے۔

ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ

ZAALIKUMU ALLAAHU RABBUKUM KHAALIQU KULLI SHAY'IN LAA ILAAHA ILLAA HUWA FA-ANNAA TU'FAKOON

That is Allah, your Lord, the Creator of everything; there is no God but He; whence are you then turned away?

وہی تمہارا پروردگار ہے جو ہر شے کا خالق ہے اور اس کے علاوہ کوئی خدا نہیں ہے تو تم کدھر بہکے جا رہے ہو۔

كَذٰلِكَ يُؤْفَكُ الَّذِيْنَ كَانُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ

KAZAALIKA YU'FAKU ALLAZEENA KAANOO BI-AAYAATI ALLAAHI YAJHADOON

Thus were turned away those who denied the communications of Allah.

اسی طرح وہ لوگ بہکائے جاتے ہیں جو اللہ کی نشانیوں کا انکار کر دیتے ہیں۔

Free to read, copy and share

اَللّٰهُ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ قَرَارًا وَّالسَّمَآءَ بِنَآءً وَّصَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ وَرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ

ALLAAHU ALLAZEE JA'ALA LAKUMU AL-ARDA QARAARAN WAALSSAMAA'A BINAA'AN WASAWWARAKUM FA-AHSANA SUWARAKUM WARAZAQAKUM MINA AT-TAYYIBAATI ZAALIKUMU ALLAAHU RABBUKUM FATABAARAKA ALLAAHU RABBU AL-'AALAMEEN

Allah is He Who made the earth a resting-place for you and the heaven a canopy, and He formed you, then made goodly your forms, and He provided you with goodly things; that is Allah, your Lord; blessed then is Allah, the Lord of the worlds.

اللہ ہی وہ ہے جس نے تمہارے لئے زمین کو مستقر اور آسمان کو عمارت قرار دیا ہے اور تمہاری صورت کو بہترین صورت بنایا ہے اور تمہیں پاکیزہ رزق عطا کیا ہے، وہی تمہارا پروردگار ہے تو عالمین کا پالنے والا کس قدر برکتوں کا مالک ہے۔

هُوَ الْحَيُّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

HUWA AL-HAYYU LAA ILAAHA ILLAA HUWA FAD'OOHU MUKHLISEENA LAHU AD-DEENA AL-HAMDU LILLAAHI RABBI AL-'AALAMEEN

He is the Living, there is no god but He, therefore call on Him, being sincere to Him in obedience; (all) praise is due to Allah, the Lord of the worlds.

وہ ہمیشہ زندہ رہنے والا ہے اس کے علاوہ کوئی خدا نہیں ہے لہٰذا تم لوگ اخلاصِ دین کے ساتھ اس کی عبادت کرو کہ ساری تعریف اسی عالمین کے پالنے والے خدا کے لئے ہے۔

قُلْ اِنِّيْ نُهِيْتُ اَنْ اَعْبُدَ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَمَّا جَآءَنِيَ الْبَيِّنٰتُ مِنْ رَّبِّيْ وَاُمِرْتُ اَنْ اُسْلِمَ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

QUL INNEE NUHEETU AN A'BUDA ALLAZEENA TAD'OONA MIN DOONI ALLAAHI LAMMAA JAA'ANIYA AL-BAYYINAATU MIN RABBEE WA-UMIRTU AN USLIMA LIRABBI AL-'AALAMEEN

Say: I am forbidden to serve those whom you call upon besides Allah when clear arguments have come to me from my Lord, and I am commanded that I should submit to the Lord of the worlds.

آپ کہہ دیجئے کہ مجھے اس بات سے منع کیا گیا ہے کہ میں ان کی عبادت کروں جنہیں تم خدا کو چھوڑ کر پرستش کے قابل بنائے ہوئے ہو جب کہ میرے پاس کھلی ہوئی نشانیاں آچکی ہیں اور مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں رب العالمین کا اطاعت گزار بندہ رہوں۔

Free to read, copy and share

هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُم مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِن نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ يُخْرِجُكُمْ طِفْلًا ثُمَّ لِتَبْلُغُوْٓا اَشُدَّكُمْ ثُمَّ لِتَكُوْنُوْا شُيُوْخًا وَّمِنْكُم مَّنْ يُّتَوَفّٰى مِنْ قَبْلُ وَلِتَبْلُغُوْٓا اَجَلًا مُّسَمًّى وَّلَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ

HUWA ALLAZEE KHALAQAKUM MIN TURAABIN THUMMA MIN NUTFATIN THUMMA MIN 'ALAQATIN THUMMA YUKHRIJUKUM TIFLAN THUMMA LITABLUGHOO ASHUDDAKUM THUMMA LITAKOONOO SHUYOOKHAN WAMINKUM MAN YUTAWAFFAA MIN QABLU WALITABLUGHOO AJALAN MUSAMMAN WALA'ALLAKUM TA'QILOON

He it is Who created you from dust, then from a small lifegerm, then from a clot, then He brings you forth as a child, then that you may attain your maturity, then that you may be old- and of you there are some who are caused to die before- and that you may reach an appointed term, and that you may understand.

وہی خدا ہے جس نے تم کو مٹی سے پیدا کیا پھر نطفہ سے پھر جمے ہوئے خون سے پھر تم کو بچہ بنا کر باہر لاتا ہے پھر زندہ رکھتا ہے کہ توانائیوں کو پہنچو پھر بوڑھے ہو جاؤ اور تم میں سے بعض کو پہلے ہی اٹھا لیا جاتا ہے اور تم کو اس لئے زندہ رکھتا ہے کہ اپنی مقررہ مدّت کو پہنچ جاؤ اور شاید تمہیں عقل بھی آجائے۔

هُوَ الَّذِيْ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ فَاِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ

HUWA ALLAZEE YUHYEE WAYUMEETU FA-IZAA QADAA AMRAN FA-INNAMAA YAQOOLU LAHOO KUN FAYAKOON

He it is Who gives life and brings death, so when He decrees an affair, He only says to it: Be, and it is.

وہی وہ ہے جو حیات بھی دیتا ہے اور موت بھی دیتا ہے پھر جب کسی بات کا فیصلہ کر لیتا ہے تو اس سے کہتا ہے کہ ہو جا اور وہ ہو جاتی ہے۔

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ اَنّٰى يُصْرَفُوْنَ

ALAM TARA ILAA ALLAZEENA YUJAADILOONA FEE AAYAATI ALLAAHI ANNAA YUSRAFOON

Have you not seen those who dispute with respect to the communications of Allah: how are they turned away?

کیا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا ہے جو آیاتِ الٰہی کے بارے میں جھگڑا کرتے ہیں آخر یہ کہاں بھٹکتے چلے جا رہے ہیں۔

Free to read, copy and share

اَلَّذِيۡنَ كَذَّبُوۡا بِالۡكِتٰبِ وَبِمَاۤ اَرۡسَلۡنَا بِهٖ رُسُلَنَا فَسَوۡفَ يَعۡلَمُوۡنَ

ALLAZEENA KAZZABOO BIL-KITAABI WABIMAA ARSALNAA BIHEE RUSULANAA FASAWFA YA'LAMOON

Those who reject the Book and that with which We have sent Our Apostles; but they shall soon come to know,

جن لوگوں نے کتاب اور ان باتوں کی تکذیب کی جن کو دے کر ہم نے پیغمبروں کو بھیجا تھا انہیں عنقریب اس کا انجام معلوم ہو جائے گا۔

اِذِ الۡاَغۡلٰلُ فِىۡۤ اَعۡنَاقِهِمۡ وَالسَّلٰسِلُ يُسۡحَبُوۡنَ

IZI AL-AGHLAALU FEE A'NAAQIHIM WAS-SALAASILU YUSHABOON

When the fetters and the chains shall be on their necks; they shall be dragged.

جب ان کی گردنوں میں طوق اور زنجیریں ڈالی جائیں گی اور انہیں کھینچا جائے گا۔

فِى الۡحَمِيۡمِ ثُمَّ فِى النَّارِ يُسۡجَرُوۡنَ

FEE AL-HAMEEMI THUMMA FEE AN-NAARI YUSJAROON

Into boiling water, then in the fire shall they be burned;

گرم پانی میں اور اس کے بعد جہنّم میں جھونک دیا جائے گا۔

ثُمَّ قِيۡلَ لَهُمۡ اَيۡنَ مَا كُنۡتُمۡ تُشۡرِكُوۡنَ

THUMMA QEELA LAHUM AYNA MAA KUNTUM TUSHRIKOON

Then shall it be said to them: Where is that which you used to set up

پھر یہ کہا جائے گا کہ اب وہ کہاں ہیں جنہیں تم شریک بنایا کرتے تھے۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ قَالُوْا ضَلُّوْا عَنَّا بَل لَّمْ نَكُن نَّدْعُوْ مِنْ قَبْلُ شَيْئًا كَذٰلِكَ يُضِلُّ اللّٰهُ الْكٰفِرِيْنَ

MIN DOONI ALLAAHI QAALOO DALLOO 'ANNAA BAL LAM NAKUN NAD'OO MIN QABLU SHAY'AN KAZAALIKA YUDILLU ALLAAHU AL-KAAFIREEN

Besides Allah? They shall say: They are gone away from us, nay, we used not to call upon anything before. Thus does Allah confound the unbelievers.

خدا کو چھوڑ کر، تو وہ لوگ جواب دیں گے کہ وہ ہم کو چھوڑ کر گم ہو گئے بلکہ ہم اس کے پہلے کسی کو نہیں پکارا کرتے تھے اور اللہ اسی طرح کافروں کو گمراہی میں چھوڑ دیتا ہے۔

ذٰلِكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَفْرَحُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَبِمَا كُنْتُمْ تَمْرَحُوْنَ

ZAALIKUM BIMAA KUNTUM TAFRAHOONA FEE AL-ARDI BIGHAYRI AL-HAQQI WABIMAA KUNTUM TAMRAHOON

That is because you exulted in the land unjustly and because you behaved insolently.

یہ سب اس بات کا نتیجہ ہے کہ تم لوگ زمین میں باطل سے خوش ہوا کرتے تھے اور اکڑ کر چلا کرتے تھے۔

اُدْخُلُوْٓا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا فَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ

UDKHULOO ABWAABA JAHANNAMA KHAALIDEENA FEEHAA FABI'SA MATHWAA AL-MUTAKABBIREEN

Enter the gates of hell to abide therein, evil then is the abode of the proud.

اب جہنّم کے دروازوں سے داخل ہو جاؤ اور اسی میں ہمیشہ رہو کہ اکڑنے والوں کا ٹھکانا بہت بُرا ہے۔

فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ فَاِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِيْ نَعِدُهُمْ اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَاِلَيْنَا يُرْجَعُوْنَ

FASBIR INNA WA'DA ALLAAHI HAQQUN FA-IMMAA NURIYANNAKA BA'DA ALLAZEE NA'IDUHUM AW NATAWAFFAYANNAKA FA-ILAYNAA YURJA'OON

So be patient, surely the promise of Allah is true. So should We make you see part of what We threaten them with, or should We cause you to die, to Us shall they be returned.

اب آپ صبر کریں کہ خدا کا وعدہ بالکل سچا ہے پھر یا تو ہم جن باتوں کی دھمکی دے رہے ہیں ان میں سے کچھ آپ کو دکھلا دیں گے یا آپ کو پہلے ہی اٹھا لیں گے تو بھی وہ سب پلٹا کر یہیں لائے جائیں گے۔

Free to read, copy and share

وَلَقَدۡ اَرۡسَلۡنَا رُسُلًا مِّنۡ قَبۡلِكَ مِنۡهُم مَّنۡ قَصَصۡنَا عَلَيۡكَ وَمِنۡهُم مَّن لَّمۡ نَقۡصُصۡ عَلَيۡكَ وَمَا كَانَ لِرَسُوۡلٍ اَنۡ يَّاۡتِيَ بِاٰيَةٍ اِلَّا بِاِذۡنِ اللّٰهِ فَاِذَا جَآءَ اَمۡرُ اللّٰهِ قُضِيَ بِالۡحَقِّ وَخَسِرَ هُنَالِكَ الۡمُبۡطِلُوۡنَ

WALAQAD ARSALNAA RUSULAN MIN QABLIKA MINHUM MAN QASASNAA 'ALAYKA WAMINHUM MAN LAM NAQSUS 'ALAYKA WAMAA KAANA LIRASOOLIN AN YA'TIYA BI-AAYATIN ILLAA BI-IZNI ALLAAHI FA-IZAA JAA'A AMRU ALLAAHI QUDIYA BIL-HAQQI WAKHASIRA HUNAALIKA AL-MUBTILOON

And certainly We sent apostles before you: there are some of them that We have mentioned to you and there are others whom We have not mentioned to you, and it was not meet for an apostle that he should bring a sign except with Allah's permission, but when the command of Allah came, judgment was given with truth, and those who treated (it) as a lie were lost.

اور ہم نے آپ سے پہلے بھی بہت سے رسول بھیجے ہیں جن میں سے بعض کا تذکرہ آپ سے کیا ہے اور بعض کا تذکرہ بھی نہیں کیا ہے اور کسی رسول کے امکان میں یہ بات نہیں ہے کہ خدا کی اجازت کے بغیر کوئی معجزہ لے آئے پھر جب حکمِ خدا آگیا تو حق کے ساتھ فیصلہ کر دیا گیا اور اس وقت اہل باطل ہی خسارہ میں رہے۔

